جاپان میں گڑیاؤں کا تہوار کیوں اور کیسے منایا جاتا ہے؟

دُنیا کی ثقافتوں کی طرح جاپان بھی اپنی ثقافت کے کئی رنگ رکھتا ہے، اپنی تہذیب اور ثقافت کو زندہ رکھنے کے لیے جاپان میں ہر سال 3 مارچ سے 7 مارچ تک ’گڑیاؤں‘ (ڈولز) کا تہوار منایا جاتا ہے۔ یہ جاپانی ثقافتی تہوار 3 مارچ سے جاپان سمیت پوری دنیا میں رہنے والے جاپانی مناتے ہیں جسے ’’حنا ماتسوری‘‘ بھی کہتے ہیں۔ جاپان اس تہوار کو لڑکیوں کو معاشرے کے اندر عزت و مقام دینے کے اعتبار سے بھی مناتے ہیں۔ یہ تہوار 7 مارچ کو اختتام پذیر ہوتا ہے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ ’حنا ماتسوری‘ یعنی گڑیوں کے اس تہوار کی تاریخ 1200 سال پرانی ہے، اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ تہوار چین سے جاپان منتقل ہوا ہے۔ سن 784 سے 1185 کے درمیان ہیان دور میں اِس تہوار کا آغاز ہوا، اس تہوار کے پیچھے دلچسپ اور عجیب عقیدہ یہ ہے اِس کو منانے سے گھر میں پیدا ہونے والی لڑکیوں کے نصیب اچھے ہوتے ہیں، ساتھ ہی جو لڑکیاں پہلے سے ہی گھر میں موجود ہیں اُن کے اچھے رشتے بھی آئیں گے۔

اِس مقصد کے لیے جاپان کے لوگ مختلف چیزوں سے خوبصورت گڑیا بناتے اور انہیں اپنے گھروں میں بھی سجاتے ہیں اور ایک مخصوص جگہ جہاں یہ تہوار منایا جاتا ہے وہاں بھی سجاتے ہیں۔

اِن گڑیاؤں کی خاص بات یہ ہوتی ہے کہ انہیں سرخ رنگ کا لباس پہنایا جاتا تھا۔ اِس تہوار کے موقع پر خصوصی پکوان بنائے جاتے اور گھروں میں عبادت کی جاتی ہیں جس میں لڑکیوں کے اچھے مستقبل، صحت اور درازی عمر کی دعائیں کی جاتی ہیں۔

جوں جوں جاپان ترقی کے مراحل طے کرتا گیا اس تہوار میں بھی جدت لائی گئی، دنیا میں جہاں بھی جاپانی رہتے ہیں وہ 3 مارچ کو یہ تہوار مذہبی جذبات کے ساتھ مناتے ہیں۔ اس کی تیاریاں فروری کے

اختتام سے ہی شروع ہو جاتی ہیں۔اس تہوار کی ایک اور خاص بات یہ ہے کہ ہر گھر میں الماریوں میں رکھی گڑیوں کو نکالا جاتا ہے،انہیں نئے اور خوبصورت لباس حتیٰ کہ زیور بھی پہنائے جاتے ہیں اور خوشبو بھی لگائی جاتی ہے۔حتیٰ کہ جن گھروں میں لڑکیاں جوان ہوتی ہیں وہاں گڑیوں کی شادیاں بھی کی جاتی ہیں

جدید جاپان میں ان گڑیوں کا تہوار یعنی حنا ماتسوری ایک بہت بڑے 'گڑیوں کے میلے' کی شکل اختیار کر چکا ہے۔اس میلے میں دنیا بھر سے سیاح شرکت کرتے ہیں،فروری کے اختتام سے لیکر مارچ کے پہلے ہفتے تک آپ کو جاپان کی ہر دکان یہ یہ جاپانی گڑیاں سجی ہوئی سرخ چبوترے پر بیٹھی نظر آئے گی۔ پاکستان میں بھی جاپان فاؤنڈیشن کے تحت جاپانی گڑیوں کی نمائش کا آغاز کیا گیا ہے،کراچی میں متعین جاپان کے قونصل جنرل آئسوموراتوشی کازو نے نمائش کا افتتاح کیا۔اس موقع پر عوام کی دلچسپی دیدنی تھی۔